RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۷ صفر سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۲۷ فروری سنہ ۱۹۱۱ء	نمبر ۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	عطاء اختیارات مجسٹریٹی درجہ دوم بہ تحصیلدار شاہ آباد	۱
۲	تا آنکہ ورثہ وغیرہ [illegible] نہ کیے جائیں	۲
۳	رخصت صاحب سپرنٹنڈنٹ چھاپہ خانہ	〃
۴	رخصت پیشکار محکمہ [illegible]	〃
۵	رخصت [illegible] اجلاس ہمایون	〃
۶	[illegible] رخصت ناظم صاحب	〃
۷	رخصت [illegible] صاحب	〃
۸	ممانعت [illegible]	〃
۹	سلسلہ انتظام [illegible]	〃
۱۰	رخصت رسالدار صاحب [illegible]	۲ و ۳
۱۱	رخصت میرزا [illegible] علی بیگ صاحب	۳
۱۲	موقوفی محمد حسین [illegible]	〃
۱۳	موقوفی [illegible] مختار عام	〃
۱۴	نقشہ جات [illegible]	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۱ فروری سنہ ۱۹۱۱ء

مثل رپورٹ صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر دربارہ عطائے اختیارات صیغہ جوڈیشل منشی محمد جمیل خان تحصیلدار شاہ آباد

رپورٹ منظور ہے۔ منشی محمد جمیل خان تحصیلدار شاہ آباد کو فوجداری مین مجسٹریٹی درجہ دوم اور دیوانی مین منصفی کے اختیارات عطا کیے جاتے ہین۔ احکام مناسب جاری ہون —

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۱ر فروری سنہ ۱۹۱۱ء

کارخانہ جات کا سامان رتھ و ہاتھی وغیرہ تقاریب مین مستعار دیے جانیکا سلسلہ مسدود کیا جاتا ہے۔ آیندہ کیواسطے بلا منظوری خاص ما بدولت و اقبال سامان مذکور ہرگز مستعار نہ دیا جاوے۔

حکم ہوا کہ

جملہ سکرٹری صاحبان کو اطلاع دیجاوے۔ اور درج گزٹ ہو۔

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم
رخصت

۱۱ر فروری سنہ ۱۹۱۱ء

رخصت پچیس یوم سپرنٹنڈنٹ صاحب پرچہ اخبار ۵ر فروری سنہ ۱۹۱۱ء سے یکم مارچ تک بذمہ داری صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص منظور فرمائی گئی۔

۱۱ر فروری سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ میجر صاحب و مجسٹریٹ قلعہ معلی رخصت بارہ یوم پیشکار قلعہ معلی بوجہ شادی برادر مشارالیہ منظور فرمائی گئی۔

۱۴ر فروری سنہ ۱۹۱۱ء

رخصت پندرہ یوم محمد اسحاق خان اہلمد اجلاس ہمایون بوجہ علالت والدہ مومی الیہ بذمہ داری سید ذاکر علی اہلمد اجلاس ہمایون منظور فرمائی گئی۔

۱۴ر فروری سنہ ۱۹۱۱ء

مزید رخصت دو ہفتہ محمد عباس علیخانصاحب ناظر باستقام سابقہ حسب درخواست محمد محمود علیخان صاحب میجر و مجسٹریٹ قلعہ معلی منظور فرمائی گئی۔

رخصت

۱۵ر فروری سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج رخصت بارہ یوم لفٹننٹ محمد واجد علیخانصاحب سکنڈ کمانڈر سکنڈ بٹالین ۱۷ر فروری سنہ ۱۹۱۱ء سے ۲۸ر فروری تک بضرورت جانے ببیہ منظور فرمائی گئی۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۹ر فروری سنہ ۱۹۱۱ء

قاز مرغابی۔ تیتر کے سوا جتنے جانور پرند ہون یا چرند عام طور تمام حدود ریاست مین اُنکے شکار کی سخت ممانعت کیجاتی ہے۔ البتہ جنگلی سور بسبب نقصان رسانی زراعت کے شکار کیا جا سکتا ہے۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اس روبکار کی صاحب چیف انجنیر بہادر و صاحب ریونیو سکرٹری بہادر و صاحب ہوم سکرٹری بہادر و کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج و صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر و صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر کے پاس براے اطلاع و اجراء احکام مرسل ہو۔ اور ایک نقل اعلان کی غرض سے درج گزٹ کیجاے۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
واقع ۹ر فروری سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ اجلاس ہذا اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم حکم صادر ہوا کہ بوجہ فوتی منشی منولال واصلباقی نویس صدر منشی [illegible]

واصلباقی نویس تحصیل ملک بوجہ تجربہ کاری وہوشیاری باضافہ پانچروپیہ ماہوار سردست برائے چھ ماہ قائیمقام واصلباقی نویس صدر مقرر ہو۔ اور منشی ٹھولال اہلمد سرشتہ واصلباقی نویس صدر باضافہ چھ روپیہ قائیمقام واصلباقینویس تحصیل ملک مقرر کیا جائے۔ اور درگاپرشاد پسر منشی ٹھولال متوفی بتنخواہ پچیس روپیہ بعہدہ اسسٹنٹ واصلباقی نویس صدر امتحاناً برائے چھ ماہ مقرر کیا جائے۔ پندرہ پندرہ روز بجائے اہلمدان سرشتہ واصلباقی نویس صدر کا کام انجام دے اور نیز واصلباقی نویس صدر کا کام بھی علاوہ اوپر کے کام کے روزانہ انجام دیتا رہے تاکہ اس مدت امتحانی مین پوری طور پر سرشتہ کے کام سے واقف ہوجائے تو اُسکو مستقل واصلباقی نویس کئے جانیکی بابت رپورٹ کیجائے۔ اور منشی ساردا پرشاد کو ہدایت کیجائے کہ حتی الامکان درگاپرشاد کو کام کی آموزی مین مناسب معقول مدد دیتا رہے اور کل کام سرشتہ واصلباقی نویس صدر کا ذمہ دار ساردا پرشاد رہیگا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
رخصت

۱۹ر فروری سنہ ۱۹۱۱ء

رخصت دس یوم رسالدار صاحب صدر بوجہ کار ہائے ضروری بکار کرو گی نائب رسالدار منظور کی گئی۔

برگیڈ آرڈر اجلاس کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج
واقع ۸ر فروری سنہ ۱۹۱۱ء

چونکہ میجر مرزا محمد علی بیگ صاحب بہادر کمانڈنگ افسر امپریل سروس لانسرز ایک ماہ کی رخصت پر گئے ہین تا واپسی اونکی جگہ اسکواڈرن کمانڈر محمد عبدالحکیم خانصاحب کام کرینگے کیونکہ کپتان صاحبزادہ سجاد علیخانصاحب بہادر اسکواڈرن کمانڈر وسکنڈ کمانڈ ابھی رگروٹ ہین۔ سینیر رسالدار صاحبزادہ عاشق علیخانصاحب بہادر امپریل سروس لانسرز ترپ ۲ سے ترپ ۱ مین تبدیل ہون اُنکی جگہ رسالدار اصغر علیخانصاحب ترپ ۳ مین رہینگے سینیر رسالدار صاحبزادہ عاشق علیخانصاحب بہادر تا واپسی کمانڈنگ افسر صاحب عبدالحکیم خانصاحب اسکواڈرن کمانڈر کی جگہ کام کرینگے۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر
واقع ۱۱ر فروری سنہ ۱۹۱۱ء

تجمل حسین کو سند وکالت درجہ سوم مشروطہ امتحان بحکم ۲۴ر دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء دیگئی تھی اب چونکہ نامبردہ امتحان وکالت منعقدہ ۲۴ر جنوری سنہ حال مین ناکامیاب رہا۔ لہذا نام اُسکا رجسٹر وکلاء سے خارج کیا جائے اور صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بہادر کو بذریعہ نقل حکم لکھا جاوے کہ تجمل حسین مذکور سے فوراً سند وکالت لیکر بھیجدین اور اُنکو ہدایت کردین کہ جن مقدمات مین اُسکے وکالت نامے داخل ہین اب وہ اُنمین پیروی کرنیکا مجاز نہین ہے محنتانہ موکلونکو واپس کردے۔ اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو برائے اطلاع عام۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر
واقع ۱۸ر فروری سنہ ۱۹۱۱ء

مشتبہ عرضی مسماۃ شہزادی بیگم بنت غلام ناصر خان ساکن محلہ اہلی جھولے والی دربارہ موقوفی منیر احمد عرف منا از مختار عام خود۔

مسماۃ شہزادی بیگم بنت غلام ناصر خان ساکن محلہ اہلی جھولے والی نے مسمی منیر احمد عرف منا کو مختار عام سے موقوف کرکے درخواست صاحب جسٹرار صدر روبرو تصدیق کردی ہی لہذا حکم اطلاع موقوفی منیر احمد عرف منا مختار عام کی عدالت خفیفہ دار عدالت ججی کو دیجاوے اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔